بحریہ یونیورسٹی میں "پاکستانی ٹیکس کلچر" پر آگاہی سیشن

سیکرٹری ٹیکس ایجوکیشن کی بریفنگ

طلبہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروائیں اور اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہی پھیلا کر "ٹیکس ایمبیسڈر" بنیں

ایف بی آر کی جانب سے محصولات کے نظام کی شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے اقدامات پر روشنی ڈالی گئی

اسلام آباد (نئی بات نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں "پاکستان میں ٹیکس کلچر" کے موضوع پر ایک آگاہی سیشن منعقد کیا۔ یہ سیمینار بزنس سکول کے تعاون سے منعقد کیا گیا جس میں یونیورسٹی کے طلباء اور اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے سیکرٹری ٹیکس ایجوکیشن نے پاکستان کے موجودہ ٹیکس نظام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے ایف بی آر کی جانب سے محصولات کے نظام کی شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے کئے جانے والے مختلف اقدامات پر روشنی ڈالی۔ اپنی بریفنگ کے دوران انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروائیں اور اپنے علاقوں میں ٹیکس ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہی پھیلا کر "ٹیکس ایمبیسڈر" بنیں۔ سیشن کا اختتام سوال و جواب کے ایک تفصیلی مرحلے پر ہوا جس میں شرکاء نے براہ راست مقرر سے سوالات پوچھے اور مزید معلومات حاصل کیں۔ یہ اقدام نوجوانوں میں ٹیکس کے نظام کی بہتر تفہیم پیدا کرنے اور پاکستان میں ٹیکس کمپلائنس کلچر کو فروغ دینے کے لئے ایف بی آر کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔

اسلام آباد: ایف بی آر کی طرف سے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں "پاکستان ٹیکس کلچر" کے موضوع پر ٹیکس آگاہی سیشن میں اقدامات پر روشنی ڈالی جارہی ہیں